## آٹھویں مناجات بِسْمِ اللهِ الرَّحْمنِ الرَّحِيمِ مناجات مریدین

خدا کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سُبْحانَکَ مَا أَضْيَقَ الطُّرُقَ عَلَى مَنْ لَمْ تَكُنْ دَلِيلَهُ، وَمَا أَوْضَحَ الْحَقَّ عِنْدَ مَنْ هَدَيْتَهُ سَبِيلَهُ؟

تو پاک ہے اس کیلئے راستے کتنے تنگ ہیں جس کا رہبر تو نہ ہو اور اس کے لیے حق کتنا واضح ہے

إِلهِي فَاسْلُكْ بِنا سُبُلَ الْوُصُولِ إِلَيْکَ ، وَسَيِّرْنا فِي أَقْرَبِ الطُّرُقِ لِلْوُفُودِ عَلَيْکَ، قَرِّبْ

جسے تو راستہ بتائے میرے معبود ہمیں اپنی درگاہ تک پہنچانے والے راستوں پر چلا اور ہمیں اپنی طرف لے جانے والے قریب ترین

عَلَيْنَا الْبَعِيدَ، وَسَهِّلْ عَلَيْنَا الْعَسِيرَ الشَّدِيدَ، وَأَلْحِقْنا بِعِبادِکَ الَّذِينَ هُمْ بِالْبِدارِ إِلَيْکَ

راستوں پر رواں فرما جو دور ہے وہ ہمارے قریب لے آ اور جو مشکل اور کٹھن ہے وہ ہمارے لیے آسان فرمادے ہمیں اپنے ان

يُسارِعُونَ وَبابَکَ عَلَى الدَّوامِ يَطْرُقُونَ، وَ إِيَّاکَ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهارِ يَعْبُدُونَ، وَهُمْ مِنْ هَيْبَتِکَ

بندوں سے ملحق کردے جو تیری طرف بڑھنے میں جلدی کرنے والے ہیں اور تیرے دروازہ رحمت کو ہمیشہ کھٹکھٹاتے ہیں رات دن تیری عبادت میں مشغول

مُشْفِقُونَ، الَّذِينَ صَفَّيْتَ لَهُمُ الْمَشَارِبَ، وَبَلَّغْتَهُمُ الرَّغائِبَ، وَأَنْجَحْتَ لَهُمُ الْمَطالِبَ، وَقَضَيْتَ

رہتے ہیں اور تیرے دبدبہ سے خائف وترساں رہتے ہیں وہ وہی ہیں جن کی سیرابی کی جگہوں کو تو نے صاف کیا اور انہیں ان کی چاہتوں تک پہنچایا ہے

لَهُمْ مِنْ فَضْلِکَ الْمَآرِبَ، وَمَلَأْتَ لَهُمْ ضَمائِرَهُمْ مِنْ حُبِّکَ وَرَوَّيْتَهُمْ مِنْ صافِي شِرْبِکَ

انہیں اپنے مقاصد میں کامیاب بنایا اور اپنے کرم سے انکی حاجات پوری فرمائی ہیں ان کے دلوں کو اپنی محبت سے لبریز کر دیا ہے اور انہیں شفاف گھاٹ

فَبِکَ إِلَى لَذِيذِ مُناجاتِکَ وَصَلُوا، وَمِنْکَ أَقْصىٰ مَقاصِدِهِمْ حَصَّلُوا، فَيا مَنْ هُوَ عَلَى

سے سیراب کیا ہے وہ تجھ سے مناجات کی لذت سے تیری بارگاہ میں پہنچے ہیں اور تجھی سے انہوں نے اپنے تمام مقاصد حاصل کیے ہیں پس اے وہ جو

الْمُقْبِلِينَ عَلَيْهِ مُقْبِلٌ، وَبِالْعَطْفِ عَلَيْهِمْ عائِدٌ مُفْضِلٌ، وَبِالْغافِلِينَ عَنْ ذِكْرِهِ رَحِيمٌ رَءُوفٌ،

اپنی طرف رخ کرنے والوں کی جانب متوجہ ہے اور اپنی مہربانی سے انہیں متواتر نعمت دینے اور بخشنے والا ہے اور اپنے ذکر سے غفلت کرنے والوں پر نرم اور

وَبِجَذْبِهِمْ إِلَى بابِهِ وَدُودٌ عَطُوفٌ، أَسْأَلُکَ أَنْ تَجْعَلَنِي مِنْ أَوْفَرِهِمْ مِنْکَ حَظّاً، وَأَعْلاهُمْ

مہربان ہے اور انہیں اپنے دروازے پر لانے میں پیار کرنیوالا مہربان ہے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے ان لوگوں میں رکھ جو

عِنْدَکَ مَنْزِلاً، وَأَجْزَلِهِمْ مِنْ وُدِّکَ قِسْماً ، وَأَ فْضَلِهِمْ فِی مَعْرِفَتِکَ نَصِیباً، فَقَدِ انْقَطَعَتْ

تیرے ہاں زیادہ حصہ رکھتے ہیں اور تیرے حضور ان کا مقام بلند ہے اور انہوں نے تیری رحمت کا زیادہ حصہ پایا ہے اور وہ تیری معرفت میں

إِلَیْکَ هِمَّتِی، وَانْصَرَفَتْ نَحْوَکَ رَغْبَتِی، فَأَ نْتَ لاَ غَیْرُکَ مُرادِی، وَلَکَ لاَ لِسِوَاکَ

سے بہت زیادہ حصہ لے چکے ہیں پس میری ہمت تجھ تک آ کر قطع ہوگئی ہے اور میں نے اپنی چاہت تیری طرف پھیر دی ہے تو ہی ہے کہ تیرے سوا میرا کوئی

سَهَرِی وَسُهادِی،وَلِقاؤُکَ قُرَّةُ عَیْنِی،وَوَصْلُکَ مُنَیٰ نَفْسِی،وَإِلَیْکَ شَوْقِی، وَفِی مَحَبَّتِکَ

مطلوب نہیں میری نینداور بیداری تیرے ہی لیے ہے کسی اور کے لیےنہیں تیری ملاقات میری آنکھوں کی ٹھنڈک اور تجھ سے ملنا میری دلی آرزو ہے مجھے

وَلَهِی، وَ إِلَیٰ هَواکَ صَبابَتِی وَرِضاکَ بُغْیَتِی، وَرُؤْیَتُکَ حاجَتِی، وَجِوارُکَ طَلَبِی، وَقُرْبُکَ

تیرا ہی شوق ہے اور تیری ہی محبت کا جنون ہے تیری چاہت میرا عشق ہے اور تیری رضا میرا مقصود ہے تیرا نظارہ ہی میری ضرورت ہے تیرا ساتھ میری طلب

غایَةُ سُؤْلِی، وَفِی مُناجَاتِکَ رَوْحِی وَرَاحَتِی، وَعِنْدَکَ دَواءُ عِلَّتِی، وَشِفاءُ غُلَّتِی، وَبَرْدُ

ہے تیرا قرب میری انتہائی خواہش ہے اور تجھ سے راز و نیاز میں میری خوشی و مسرت ہے تو ہی میری بیماری و علت کی دوا میرے سوز جگر کی شفا سوز دل کی

لَوْعَتِی، وَکَشْفُ کُرْبَتِی، فَکُنْ أَنِیسِی فِی وَحْشَتِی، وَمُقِیلَ عَثْرَتِی، وَغافِرَ زَلَّتِی، وَقابِلَ

ٹھنڈک ہے اور میری سختی کا دور ہونا ہے پس تو میری تنہائی کا ساتھی بن جا میری خطاؤں کو معاف کرنے والا میری کوتاہیوں کو بخشنے والا

تَوْبَتِی وَمُجِیبَ دَعْوَتِی وَوَلِیَّ عِصْمَتِی وَمُغْنِیَ فاقَتِی، وَلاَ تَقْطَعْنِی عَنْکَ، وَلاَ تُبْعِدْنِی

میری توبہ قبول کرنے والا میری دعا قبول کرنے والا میری نگہداری کا ذمہ دار اور کمی کو پورا کرنے والا بن جا مجھے خود سے الگ نہ فرما اور نہ خود سے دور ہٹا

مِنْکَ، یَا نَعِیمِی وَجَنَّتِی، وَیَا دُنْیایَ وَآخِرَتِی، یَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِینَ .

اے میرے لیے نعمت اے میری جنت اے میری دنیا و آخرت اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

urdu.duas.org